پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میلhelpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات (ڈپارٹمنٹ آف کمیونیکیشن)
سینٹرل آفس شہید بھگت سنگھ مارگ، ممبئی۔ 400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:038 2266 22 91

27/اگست، 2015

آر بی آئی نے ٹیئر III سے ٹیئر VI تک کے سینٹروں کیلئے پی او ایس پر نقدی نکالنے کی لمٹ کو دوگنا کردیا ہے

ریزروبینک نے ٹیئر III سے ٹیئر VI تک کے سینٹروں کے لئے پوائنٹ آف سیل پر نقدی نکالنے کی لمٹ کو دوگنا کر دیا ہے یعنی یومیہ 1000 روپیہ سے 2000 روپیہ یہ سہولت ڈیبٹ کارڈ اور سسٹم پری پیڈ کارڈ جو صرف بینکوں کے ذریعہ جاری کئے جاتے ہیں پر ہی موجود ہوگی۔ ایسا اسلئے کیا گیا ہے تاکہ بڑھی ہوئی رقم سے صارفین کو اسانی ہوگی اور ٹیئر III سے ٹیئر VI تک کے سینٹروں پر نقدئی کا گھماؤ ہوتا رہے گا اور کم رقم رکھنے والی جماعت کو اس سے زیادہ فائدہ ملیگا۔ اس سہولت پر ان پیمنٹ رجحان میں اضافہ اور دوسرے متعلقہ نشو دنما کو مدنظر رکھتے ہوئے نظر ثانی کی جائے گی۔ ٹیئر II اور ٹیئر VI سینٹروں پر 1000 روپہ یومیہ کی نقد نکاسی کی لمٹ ویسے ہی بنی رہے گی۔

چارجز وصولی میں اپنی شفافیت برقرار رکھنے کے لئے بینکوں کو صلاح دی گئی ہے کہ سبھی سینٹروں پر اگر کوئی چارجز لئے جاتے ہیں تو وہ ٹرانزیکشن کی رقم کا 1% سے زیادہ نہیں ہونا چاہئے۔ سبھی تجارتی ادارہ جہاں یہ سہولت دی گئی ہے وہ اپنے یہاں نقد نکاس اور اس پر وصولے گئے چارجز کی شرح کی نمائش ضرور کریں اگر یہ اپنے گاہکوں سے وصولتے ہیں۔ کارڈ ہولڈرس اس سہولت کا استعمال کر سکتے ہیں ان تجارتی اداروں سے خواہ وہ وہاں خرید کریں یا نہ کریں۔ کارڈ ہولڈرس کو اپنا کارڈ سویپ کرنا چاہئے اور تصدیق کیلئے پن ڈالنا چاہئے جیسا کہ وہ اے ٹی ایم میں کرتے ہیں۔

آپ کو یاد دلایا جاتا ہے کہ ریزروبینک نے پوائنٹ آف سیل پر نقد و دھ ڈرال کی سہولت ڈیبٹ کارڈ 2009 میں شروع کی تھی اسی طرح سے ستمبر 2013 میں بینکوں کے ذریعہ جاری پری پیڈ کارڈوں پر بھی یہ سہولت بڑھا دی گئی ہے۔

الپنا کلہ والا
پرنسپل چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز 511/2015-2016